# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 31 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۱/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ملک کے شہریوں کو بہتر طبّی خدمات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ ریزرو بینک کی نوے ویں تاسیسی تقریبات میں شرکت کیلئے صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کا ممبئی کا دورہ۔

☆ گڈی پاڑوا ہر طرف جوش وخروش اور روایتی انداز میں منایا گیا۔ آج عید الفطر؛ نمازِ عید اور خیر سگالی تقاریب کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ مہاراشٹر کیسری کُشتی مقابلوں میں شولا پور کے ویتاڑ شیرؔ کے کی فتح۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے شہریوں کو بہتر طبّی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وہ کل ناگپور میں مادھو امراضِ چشم تحقیقی مرکز کی عمارت کے افتتاح کے موقع پر مخاطب تھے۔

انہوں نے بتایا کہ آیوشمان بھارت جیسی اسکیموں کے ذریعے شہریوں کو مفت طبّی خدمات فراہم کی جارہی ہیں، اور میڈیکل کالجوں کی تعداد اور میڈیکل نصاب کورسیز کی نشستوں میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

وزیرِ اعظم نے سماج کے تمام طبقات سے بھارت کو آگے لے جانے اور ترقی یافتہ بھارت کے وِژن کو پورا کرنے کیلئے تنظیم، جستجو اور خدمت کے مثلث کو اپنانے کی بھی اپیل کی۔

اس موقع پر راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سربراہ ڈاکٹر موہن بھاگوت، مرکزی وزیر نتن گڈکری، اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس موجود تھے۔

وزیرِ اعلیٰ نے اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مادھو نیتر الیہ نے بہت سے لوگوں کی زندگیوں کو روشن کیا ہے اور جب آنکھوں کا عطیہ بڑے پیمانے پر ہو رہا ہے تو ملک میں ایسے ادارے کا ہونا بہت ضروری ہے۔

ناگپور کے ریشم باغ علاقے میں واقع اسرتی مندر میں راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے بانی ڈاکٹر کیشو بلی رام ہیڈ گیوار، دوسرے سرسنگھ چالک ایم۔ ایس۔ گولوالکر، اسی طرح دِکشا بھومی پر ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو وزیرِ اعظم نے خراجِ عقیدت پیش کیا۔ دِکشا بھومی یادگاری کمیٹی کے سربراہ بھنتے سُرائی سسائی نے وزیرِ اعظم کا خیر مقدم کیا۔ اس موقعے پر وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس کے ساتھ مرکزی وزیر نتن گڈکری اور یادگاری کمیٹی کے سکریٹری راجندر گوئی بھی موجود تھے۔

دریں اثناء دِکشا بھومی سے متعلق وزیر اعظم نے اپنے تبصرے میں لکھا کہ دِکشا بھومی ہمیں غریبوں، پسماندہ اور ضرورت مندوں کیلئے مساوی حقوق اور نظامِ انصاف کو آگے بڑھانے کی توانائی فراہم کرتا ہے۔

کل کے دورے کے دوران، وزیر اعظم نے ناگپور۔امراوتی شاہراہ پر بازارگاؤں علاقے میں سولر ایکسپلوسیو میں ٹیسٹ رینج اور رن وے سہولت کا افتتاح بھی کیا اور سولر گروپ کی طرف سے تیار کردہ جدید ترین حفاظتی نظام کا معائنہ کیا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام کے ذریعے ہم وطنوں سے بات چیت کی۔ یہ اس سیریز کی ایک سو بیسویں قسط تھی۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے موسم گرما کے پس منظر میں پانی کے تحفظ پر زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس مہم کے تحت گزشتہ سات آٹھ سالوں میں گیارہ ارب کیوبک میٹر سے زائد بارش کا بہہ جانے والا پانی بچایا جاچکا ہے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

من کی بات میں وزیر اعظم نے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے طلباء اور نوجوانوں کو گرمیوں کی چھٹیوں میں نئے ہنر سیکھنے کی ترغیب دی۔ صحت سے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے دہلی میں ''فٹ انڈیا کارنیول'' کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے سامعین سے اپنے علاقوں میں اس طرح کے میلوں کا انعقاد کرنے کی اپیل بھی کی۔ تہواروں میں نظر آنے والے اتحاد اور یکجہتی کے جذبے کو مضبوط کرنے کی تلقین کرتے ہوئے وزیر اعظم نے عوام کو گڑی پاڑوا اور عیدالفطر سمیت مختلف تہواروں کی مبارکباد دی۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے ممبئی کا دوروزہ دورہ کریں گی۔ صدرِ مملکت مُرمو آج شام ممبئی پہنچیں گی اور کل ریزرو بینک آف انڈیا کی 90ویں سالگرہ تقریبات کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گی۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں کل 50 نکسلیوں نے خودسپردگی کردی۔ ان نکسلیوں میں سے 13 پر مجموعی طور پر 68 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے ان نکسلیوں کے ہتھیار ڈالنے کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے سماجی رابطوں کے ذریعے دیگر نکسلیوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ تشدد کو ترک کرکے سماج کے مرکزی دھارے میں شامل ہوجائیں۔

***** ***** *****

گُڑی پاڑوا کا تہوار کل ہر طرف جوش وخروش اور روایتی انداز میں منایا گیا۔ ہر گھر میں ریشمی کپڑے، نیم کے پتوں اور گنّے کے گانٹھوں کے ہاروں سے سجائی گئی گڑی اُبھاری گئی۔

مراٹھواڑہ میں مختلف ثقافتی پروگراموں کے ساتھ گڑی پاڑوا کا تہوار منایا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں گڑی پاڑوا کے موقعے پر ایک خیر سگالی جلوس نکالا گیا۔ پیٹھن میں سات کرنی شہنشاہ شالی واہن کی مشہور ستون گاہ پر بھی ایک خصوصی پروگرام منعقد ہوا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے ماہور گڑھ پر رینوکا دیوی کا چیتر نوراتر تہوار کل گڑی پاڑوا کے موقعے پر جوش وخروش کے ساتھ شروع ہوا۔ کل دوپہر، مورتی کی تنصیب کے بعد دیوی کی آرتی کی گئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو شہر میں گڑی پاڑوا کے موقعے پر سکل ہندو سماج کی جانب سے وہیکل ریلی نکالی گئی۔ ریلی سے قبل مہاتما بسویشور کے مجسمے کو پھول پہنا کر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

عید الفطر یعنی رمضان عید آج منائی جارہی ہے۔ اس مناسبت سے مختلف عید گاہوں اور مساجد میں مختلف اوقات میں نمازِ عید ادا کی جارہی ہے۔
صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے ملک و بیرون ملک میں رہنے والے تمام باشندوں کو خصوصاً بندگانِ توحید کو عید کی مبارکباد پیش کی ہے۔ انھوں نے اپنے مبارکبادی پیغام میں کہا کہ یہ تہوار بھائی چارہ، باہمی تعاون اور ہمدردی واُخوت کا پیغام دیتا ہے۔
عید الفطر کی مناسبت سے چھترپتی سمبھاجی نگر و لاتور شہر کی ٹریفک نظام میں عارضی تبدیلی کی گئی ہے۔ بارشی روڈ پر موجود عید گاہ میدان پر نمازِ عید کی بھیڑ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے صبح سات بجے تا گیارہ بجے تک ٹریفک میں تبدیلی کی گئی ہے۔
چھترپتی سمبھاجی نگر کی عید گاہ عثمان پورہ میں عید کی نماز صبح دس بجے ادا کی جائے گی۔

***** ***** *****

جالنا میں رکمنی پریوار کی طرف سے کل چیتر پالوی گیتوں کا پروگرام منعقد ہوا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں دِھیاس پرفارمنگ آرٹس کی ڈائریکٹر کیتکی نیو پورکر کے طلباء نے شاردا وندنا پر مبنی رقص پیش کیا۔
گڑی پاڑوا کو ساڑھے تین مبارک ساعتوں میں سے ایک مبارک ساعت سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے سونے اور چاندی کے زیورات، الیکٹرانکس اور گھریلو سامان کی خریداری کیلئے کل دکانوں میں خریداروں کا ہجوم رہا۔

***** ***** *****

شولاپور کے ویتاڑ شیڑ کے مہاراشٹر کیسری مقابلے میں فاتح قرار پائے ہیں۔ اہلیانگر ضلع کے کرجت میں کل ہوئے فائنل مقابلے میں شیڑ کے نے ممبئی کے پرتھوی راج پاٹل کو سات پوائنٹس سے شکست دی۔ سینئر سیاست داں شرد پوار کے ہاتھوں ویتاڑ شیڑ کے کو گدا تفویض کیا گیا۔

***** ***** *****

بھارت کے نہال سَرین نے اُزبکستان کے تاشقند میں تاشقند اوپن آگژاموممورئیل شطرنج مقابلہ جیت لیا ہے۔ 20 سالہ بھارتی گرینڈ ماسٹر نے دس میں سے آٹھ پوائنٹس حاصل کر کے جیت درج کی۔

***** ***** ****

لاتور پولس کی جانب سے کل منعقدہ میراتھان میں تقریباً آٹھ ہزار افراد نے شرکت کی۔ بڑھتے سائبر جرائم کی روک تھام کیلئے عوام کو احتیاط برتنے کا پیغام دینے کیلئے اس عوامی بیداری میراتھان کا انعقاد کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

بزرگ سماجی کارکن اور ریاستی پولس کمپلین اتھاریٹی کے رُکن اُوما کانت مٹکر کے سماجی کاموں پر مبنی مراٹھی ڈاکیومینٹری ''اِدَن دَمَم'' کا افتتاح کل سمبھاجی نگر میں ہوا۔ اس کے مصنف، ہدایت کار دتا جوشی اس موقعے پر موجود تھے۔

***** ***** *****

گرمائی تعطیلات کی بھیڑ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ناندیڑ۔حضرت نظام الدین۔ناندیڑ خصوصی ریلوے گاڑی کے 26 راؤنڈ ہونے کی اطلاع جنوب وسطی ریلوے کی جانب سے دی گئی ہے۔یہ ریلوے گاڑی پانچ اپریل تا 28 جون کے درمیان ہر سنیچر کی صبح پونے نو بجے روانہ ہوگی اور دوسرے دِن اتوار کو دو پہر دو بجے نظام الدین پہنچے گی۔واپسی کے سفر میں یہ ٹرین چھ اپریل تا 29 جون کے درمیان چلے گ ی۔اس ٹرین کا ریز رویشن کل سے شروع کر دیا گیا ہے۔

دریں اثنا' حیدر آباد سے بھاؤنگر اسپیشل ٹرین قدیم وقت کے مطابق ہی چار اپریل تا 27 جون کے درمیان چلنے کی اطلاع جنوب وسطی ریلوے نے دی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی تا منماڑ کے درمیان ریلوے ٹریک کی درستی کیلئے لائن بلاک کی گئی ہے۔جس کی وجہ سے ایک' پانچ اور آٹھ اپریل کے درمیان چلنے والی کاچی گوڑہ۔نگر سول ایکسپریس ریلوے گاڑی مقررہ وقت کی بجائے تاخیر سے چلے گی، جبکہ اورنگ آباد۔گنٹور ریلوے گاڑی ایک تا آٹھ اپریل کے درمیان شام پانچ بجکر 40 منٹ پر روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک کے شہریوں کو بہتر طبّی خدمات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔وزیر اعظم کا بیان۔

☆ ریزرو بینک کی نوے ویں تاسیسی تقریبات میں شرکت کیلئے صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کا ممبئی کا دورہ۔

☆ گڈی پاڑوا ہر طرف جوش وخروش اور روایتی انداز میں منایا گیا۔آج عید الفطر؛ نمازِ عید اور خیر سگالی تقاریب کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ مہاراشٹر کیسری کُشتی مقابلوں میں شولا پور کے ویتاڑ شیرِ کے کی فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****